تسہیل الترتیل

ازالیاس برنی صاحب۔ایم۔اے۔ایل۔ایل۔بی۔قیمت عہ ر۔ ملنے کا پتہ:۔ مکتبۂ ابراہیمیہ۔حیدرآباد (دکن)

۱۹۲ صفحات کی اس مختصر کتاب میں نہایت قابلیت کے ساتھ ترتیل کے پورے قواعد کو سمیٹا گیا ہے۔پھر ہر قاعدے کی توضیح اور اس کا استعمال سمجھانے کے لیے قرآن کریم کی آیات وکلمات کو بطور مثال پیش کیا گیا ہے۔ابواب وفصول کی تقسیم اور عنوانوں کی ترتیب، مولف کے ماہر فن ہونے پر شاہد ہے۔موصوف نے کتاب کی تیاری سے پہلے فن قرأت وتجوید کی جن کتابوں سے استفادہ کیا ہے، ان کی ایک فہرست دی ہے، تاکہ جو لوگ اس فن کا وسیع مطالعہ کرنا چاہیں انھیں آسانی ہو۔

مسلمانوں میں "قرآن پڑھنا" تو بفضلہٖ تعالیٰ کسی قدر باقی ہے، البتہ صحت کے ساتھ پڑھنا صرف خواص تک محدود ہے اور اس کی ایک بڑی وجہ یہ بھی ہے کہ اُردو زبان میں ترتیل کے متعلق کوئی آسان کتاب موجود نہیں تھی۔بحمداللہ تسہیل الترتیل نے اس کمی کو پورا کر دیا ہے۔اب یہ قرآن کے شیدائیوں کا کام ہے کہ وہ اس کی قدر کریں اور اس سے فائدہ اٹھائیں۔خاص بات یہ ہے کہ پیش نظر (دوسرے) ایڈیشن کے جتنے نسخے قیمتاً دیے جائیں گے، اُن سے فراہم ہونے والی رقم اہل مدینہ کی امداد میں صرف ہوگی۔کاغذ، کتابت، طباعت اور سرورق قابل تعریف ہیں۔

مسلمان بچوں کی پہلی کتاب

ازمقبول احمد سیوہاروی۔قیمت ۴؍ ملنے کا پتہ:۔ اسلامی کتاب گھر، سیوہارہ۔ضلع بجنور (یو۔پی)

مسلمانوں کو "نہ کافر نہ غازی" کی موجودہ حالت سے نکلنے کے لیے جہاں دوسرے متعدد ذرائع سے کام لینا ہے وہاں ایک نئے نظامِ تعلیم کی بھی شدید ضرورت ہے ۔۔۔ ایک ایسا نظامِ تعلیم جو دین اور دنیا کے درمیان دیوار بن کر کھڑا نہ ہو جائے، بلکہ ہماری نوخیز نسل کو اس طرح تیار کر سکے کہ وہ دنیا کے پیچیدہ مسائل کی گرہوں کو دین کے ناخن سے کھول سکیں۔نئے نظامِ تعلیم کی تشکیل کا صحیح